سوال

(251)''سُبحَانَ رَبِّيَ العَظِيمِ ''اگر بھول کر سجدہ میں پڑھی جائے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں رکوع کی تسبیح ''سُبحَانَ رَبِّيَ العَظِيمِ '' اگر بھول کر سجدہ میں پڑھی جائے اور سجدہ کی تسبیح ''سُبحَانَ رَبِّيَ الاَعلٰی ''اگر رکوع میں پڑھی جائے تو کیا نماز صحیح ادا ہوجائے گی؟ (محمد یونس شاکر)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں 1 نماز صحیح ادا ہوجائے گی، البتہ اولیٰ و بہتر کے خلاف ہے، جان بوجھ کر ایسا کرنا درست نہیں۔

[رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے رکوع میں تین بار ''سُبحَانَ رَبِّيَ العَظِيمِ '' کہا اس کا رکوع پورا ہوگیا، مگر یہ کم ازکم تعداد ہے اور جس نے سجدہ میں تین بار ''سُبحَانَ رَبِّيَ الاَعلٰی '' کہا اس کا سجدہ پورا ہوگیا، مگر یہ کم ازکم تعداد ہے۔'' [ابوداؤد، ابن ماجہ]]

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04